# ''مصارفِ زکوٰۃ۔ اور
## عصرِ حاضر میں مصالح اُمّت محمدی ﷺ''

## ایک اہم وضاحت

از: انجینئر مختار حسین فاروقی

حکمت قرآن کی حالیہ اشاعت (اپریل ۰۴ء) میں راقم کی ایک تحریر جو ''مصارف زکوٰۃ اور اکیسویں صدی میں مصالحِ اُمت محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم'' کے عنوان سے شائع ہوئی ہے وہ دراصل ایک اجلاس میں اس مقصد کے تحت تیار کر کے پیش کی گئی تھی کہ ہماری چودہ سو سالہ تاریخ میں زکوٰۃ کے مسئلہ میں کیا کیا مراحل سامنے آئے ہیں اور علماءِ اُمت نے نئے حالات میں کیا رہنمائی کی ہے۔ اس میں ضمناً زکوٰۃ کے بارے میں تنظیم اور انجمن ہائے خدام القرآن کی سطح پر زکوٰۃ کے مصارف اور ماضی قریب کی کچھ ردّ وقدح بھی آ گئی ہے۔

اس ضمن میں راقم نے تمہید کے طور پر جو کچھ لکھا ہے (جو حکمتِ قرآن کے گزشتہ ماہ کے شمارے میں بصورتِ مقالہ شائع ہو چکا ہے) وہ اس ردّ وقدح کا لب لباب ہے۔ جیسا کہ وہاں ذکر ہے، راقم نے کراچی سے تعلق رکھنے والے ایک مخلص ساتھی جناب راشد یار خان صاحب سے ۷؍فروری ۰۳ء کی ملاقات میں جو کچھ اخذ کیا تھا وہ درج کر دیا ہے۔ تاہم اس پر کراچی کے ہمارے ایک اور سینئر ساتھی نے توجہ دلائی کہ اس مضمون کے تمہیدی حصے میں بعض واقعاتی باتیں جو نفس مضمون کے اعتبار سے قطعی غیر اہم ہیں، خلافِ واقعہ ہیں جس کا ماحصل سطور ذیل میں درج کیا جا رہا ہے تاکہ ریکارڈ درست رہے اور اگر کوئی بات میری تحریر میں خلاف واقعہ شامل ہو گئی ہو تو اس کی اصلاح ہو جائے:

(i) زکوٰۃ کے بارے میں عدم اطمینان انجمن ہائے خدام القرآن اور تنظیم دونوں سطح پر ہے۔

(ii) جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے مذکورہ دو اصحاب سے ان کے اشکال کو رفع کرنے کی غرض سے کوئی ذاتی ملاقات نہیں کی تھی (وہ تاثر کسی اجتماع کا ہے)

(iii) مصارف زکوٰۃ کے بارے میں انجینئر نوید احمد کی مذکورہ تحریر تقریباً چار سال پرانی ہے۔

© rasailojaraid.c

(iv) مذکورہ ساتھیوں کا اظہار عدم اطمینان کے بعد بحث و تمحیص کا یہ موجودہ سلسلہ تین چار سال سے نہیں بلکہ نو یا دس ماہ پر مشتمل ہے (تحریر ۱۵ مارچ ۰۴ء)

آخر میں تمام قارئین سے گزارش ہے کہ وہ مذکورہ مضمون میں نفسِ مضمون پر توجہ مرکوز فرمائیں تاکہ عالم اسلام کے تمام خادمین دین مبین' جو کہ کسی نہ کسی طرح اپنے اداروں کے لئے صدقات و خیرات اور زکوٰۃ کے استعمال کرنے والے ہیں وہ اپنے باطنی اضطراب اور 'حیلہ' سے نجات حاصل کر سکیں۔ بصورت دیگر موجودہ صورت حال تو جاری ہے اور شاید جاری رہے۔

اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ' وارنا الباطل باطلا
وارزقنا اجتنابہ آمین یارب العالمین


# طوبیٰ گرلز کالج لاہور

**78' سیکٹر A-1' ٹاؤن شپ لاہور فون: 5114581**

رجسٹرڈ/لاہور بورڈ سے الحاق شدہ

**CLASSES:F.A (ARTS), F.A (GEN.SCIENCE), ICS & B.A**

طوبیٰ گرلز کالج اقتدار احمد ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام طالبات کے لئے جدید تعلیم کا ایک ایسا ادارہ ہے جہاں غیر تجارتی بنیادوں پر انٹرمیڈیٹ اور بی۔اے کی سطح پر معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ اسلامی تعلیم و تربیت اور نظریۂ پاکستان سے آگاہی کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے۔

**﴿نمایاں خصوصیات﴾**

❁ ٹاؤن شپ سیکٹر A-1 میں شاندار دو منزلہ عمارت ❁ تجربہ کار اور کوالیفائڈ ٹیچنگ سٹاف ❁ انٹر اور بی اے کے دوران کمپیوٹر کی لازمی اور مفت تعلیم ❁ پک اینڈ ڈراپ سروس ❁ درسی کتب' حوالہ جاتی کتب اور متفرق جرائد پر مشتمل کشادہ لائبریری ❁ صاف ستھری کینٹین کی سہولت ❁ کھیل اور تفریح کے لئے مناسب باپردہ جگہ اور انڈور اور آؤٹ ڈور گیمز کی سہولت ❁ ذہین اور مستحق طالبات کے لئے سکالرشپ کا بندوبست